صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعة المبارک مورخہ 07 ستمبر 2012ء بمطابق 19 شوال 1433 ہجری بعد از دوپہر پانچ بجکر پچیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

وَلَا تَكُونُواْ كَٱلَّذِينَ تَفَرَّقُواْ وَٱخۡتَلَفُواْ مِنۢ بَعۡدِ مَا جَآءَهُمُ ٱلۡبَيِّنَـٰتُۚ وَأُوْلَـٰٓئِكَ لَهُمۡ عَذَابٌ عَظِيمٌO يَوۡمَ تَبۡيَضُّ وُجُوهٌ وَتَسۡوَدُّ وُجُوهٌۚ فَأَمَّا ٱلَّذِينَ ٱسۡوَدَّتۡ وُجُوهُهُمۡ أَكَفَرۡتُم بَعۡدَ ذُوقُواْ إِيمَـٰنِكُمۡ فَٱلۡعَذَابَ بِمَا كُنتُمۡ تَكۡفُرُونَO وَأَمَّا ٱلَّذِينَ ٱبۡيَضَّتۡ وُجُوهُهُمۡ فَفِي رَحۡمَةِ ٱللَّهِ هُمۡ فِيهَا خَـٰلِدُونَO تِلۡكَ ءَايَـٰتُ ٱللَّهِ نَتۡلُوهَا عَلَيۡكَ بِٱلۡحَقِّۗ وَمَا ٱللَّهُ يُرِيدُ ظُلۡمًا لِّلۡعَـٰلَمِينَO وَلِلَّهِ مَا فِي ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَمَا فِي ٱلۡأَرۡضِۚ وَإِلَى ٱللَّهِ تُرۡجَعُ ٱلۡأُمُورُ۔ صَدَقَ ٱللَّهُ ٱلۡعَظِيم۔

(ترجمہ): اور ان لوگوں کی طرح نہ ہونا جو متفرق ہو گئے اور احکام بین آنے کے بعد ایک دوسرے سے (خلاف و) اختلاف کرنے لگے یہ وہ لوگ ہیں جن کو قیامت کے دن بڑا عذاب ہو گا۔ جس دن بہت سے منہ سفید ہوں گے اور بہت سے منہ سیاہ تو جن لوگوں کے منہ سیاہ ہوں گے (ان سے خدا فرمائے گا) کیا تم ایمان لا کر کافر ہو گئے تھے؟ سو (اب) اس کفر کے بدلے عذاب (کے مزے) چکھو۔ اور جن لوگوں کے منہ سفید ہوں گے وہ خدا کی رحمت (کے باغوں) میں ہوں گے اور ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ یہ خدا کی آیتیں ہیں جو ہم تم کو صحت کے ساتھ پڑھ کر سناتے ہیں اور خدا اہل عالم پر ظلم نہیں کرنا چاہتا۔ اور جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب خدا ہی کا ہے اور سب کاموں کا رجوع (اور انجام) خدا ہی کی طرف ہے۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

نشانزدہ سوالات اور انکے جوابات

جناب سپیکر: 'کوئسچنز آور' : محترمہ نور سحر صاحبہ، سوال نمبر؟

محترمہ نور سحر: سوال نمبر12۔

جناب سپیکر: جی۔

* 12 _ محترمہ نور سحر: کیا وزیر انتظامیہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) مختلف اضلاع میں سرکٹ ہاؤسز اور ریسٹ ہاؤسز موجود ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2011ء اور 2012ء کے دوران ہزارہ، پشاور، کوہاٹ اور ملاکنڈ ڈویژن میں کمشنر اور ڈی سی اوز کی زیر نگرانی سرکٹ ہاؤسز اور ریسٹ ہاؤسز میں کمروں کی تعداد اور ماہانہ آمدنی کی تفصیل الگ الگ فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): جی ہاں۔

(الف) تفصیل درج ذیل ہے:

1۔ کمشنر ہزارہ اور کمشنر پشاور کے تحت ڈی سی اوز کے زیر انتظام کوئی سرکٹ / ریسٹ ہاؤس موجود نہیں ہے۔

2۔ کمشنر کوہاٹ کے تحت ڈی سی او کوہاٹ اور ڈی سی او کرک کے زیر انتظام سرکٹ / ریسٹ ہاؤسز موجود ہیں جن کی تفصیل بمعہ وصول شدہ کرایہ دوران سال 12-2011ء کی تفصیل درج ذیل ہے:

سرکٹ ہاؤس کرک

سرکٹ ہاؤس کرک کل 06 کمروں پر مشتمل ہے جس کی سالانہ آمدن -/171500 روپیہ ہے۔

کل کمرہ جات: 4

ماہانہ آمدن کی تفصیل درج ذیل ہے:

جولائی۔ -/8400 اگست۔ -/1200 ستمبر۔ -/7600 اکتوبر۔ -/5200 نومبر۔ -/15200

دسمبر۔ -/6400 جنوری۔ -/11200 فروری۔ -/34400 مارچ۔ -/19600 اپریل۔ -/32000

مئی۔ -/20000 جون۔ -/10000

سرکٹ ہاؤس(KDA) کوہاٹ

سرکٹ ہاؤس(KDA) کوہاٹ کی مالی سال 2011ء اور مالی سال 2012ء کے دوران آمدن کی تفصیل:
کل کمروں کی تعداد 10 ہے جن میں 4 کمرے صرف VVIPs کیلئے مخصوص ہیں جبکہ 6 کمرے عام بکنگ کیلئے ہیں:

تفصیل مالی سال 2011/2012			
مہینہ	آمدن	مہینہ	آمدن
07/2010	26000	07/2011	5000
08/2010	16000	08/2011	0
09/2010	17000	09/2011	7000
10/2010	55000	10/2011	11000
11/2010	11000	11/2011	18000
12/2010	16000	12/2011	11000
01/2011	10000	01/2012	3000
02/2011	1000	02/2012	36000
03/2011	14000	03/2012	16000
04/2011	4000	04/2012	51320
05/2011	1000	05/2012	0
06/2011	12000	06/2012	11000
G.Total	183000	G.Total	169320

3۔ کمشنر ملاکنڈ کے تحت ڈی سی اوز بونیر، شانگلہ، دیر پائیں، دیر بالا، سوات اور چترال کے زیر انتظام سرکٹ / ریسٹ ہاؤسز موجود ہیں جن کی تفصیل بمعہ وصول شدہ کرایہ دوران سال 12-2011ء درج ذیل ہے:

ضلع بونیر 1۔ سرکٹ ہاؤس ڈگر: اس میں کمروں کی تعداد 9 ہے جو کہ 2009ء سے پاک آرمی کے زیر استعمال ہے۔

2۔ ریسٹ ہاؤس طوطالئ: اس میں کمروں کی تعداد 2 ہے۔ جو کہ سول جج طوطالئ کے زیر استعمال ہے۔

ضلع شانگلہ: ضلع شانگلہ میں کوئی ریسٹ ہاؤس موجود نہیں۔

دیر پائیں: ضلعی انتظامیہ کی زیر نگرانی کوئی ریسٹ ہاؤس / سرکٹ ہاؤس موجود نہیں ہے تاہم ضلع دیر پائیں میں دو ریسٹ ہاؤسز، ایک بمقام تیمر گرہ اور دوسرا بمقام چکدرہ الموسوم فشنگ ہٹ چکدرہ موجود ہیں۔ مذکورہ ریسٹ ہاؤسز TMA تیمر گرہ کی زیر نگرانی ہیں۔

1۔ ریسٹ ہاؤس تیمر گرہ۔ اس میں کمروں کی تعداد 7 ہے اور مستقل رہائش پذیر افسران نہیں ہیں۔

2۔ فشنگ ہٹ چکدرہ۔ اس میں کمروں کی تعداد 7 ہے۔ مستقل افسران رہائش پذیر نہیں ہیں اور سال 2011 میں دونوں سے ٹوٹل -/2,49,300 روپے کرایہ کی مد میں وصول ہوئے ہیں۔

دیر بالا: ضلع دیر بالا میں پہلے سے کوئی سرکٹ ہاؤس اور ریسٹ ہاؤس ورثے میں نہیں ملے ہیں، البتہ ضلعی حکومت نے ابھی ایک ریسٹ ہاؤس بمقام پناکوٹ تعمیر کرنا شروع کر دیا ہے جو کہ تاحال مکمل نہیں ہوا ہے۔

سوات: 1۔ سرکٹ ہاؤس سیدو شریف۔ مذکورہ سرکٹ ہاؤس ضلع سوات میں کشیدگی کی وجہ سے پاک آرمی کے زیر قبضہ ہے۔

2۔ ریسٹ ہاؤس کالام۔ ریسٹ ہاؤس کالام پراونشل سیل پشاور کے زیر کنٹرول ہے جس کا ریزرویشن پشاور بلڈنگ سیل سے کیا جاتا ہے۔ سی اینڈ ڈبلیو ڈویژن سوات کا اس میں کوئی دخل مداخلت نہیں ہے۔

ضلع چترال: ٹی ایم اے چترال کی زیر نگرانی کوئی کوئی سرکٹ ہاؤس موجود نہیں۔ دو ریسٹ ہاؤسز نزد گورنر کاٹیج چترال اور بمبوریت موجود ہیں۔ دونوں ریسٹ ہاؤسز دو دو بیڈ رومز اور ہال پر مشتمل ہیں جس میں کوئی مستقل آفیسر رہائش پذیر نہیں ہے۔ کوئی بھی فرد اجازت نامہ حاصل کر کے اور کرایہ ادا کر کے رہائش اختیار کر سکتا ہے۔ سال 2011ء میں دونوں سے ٹوٹل -/53,230 روپے کرایہ کی مد میں وصول ہوئے ہیں۔

2۔ ضلع چترال میں سی اینڈ ڈبلیو کی زیر نگرانی کوئی سرکٹ ہاؤس نہیں ہے۔ صرف ریسٹ ہاؤسز ہیں جو کہ درجہ ذیل مقامات پر واقع ہیں:

(i) ریسٹ ہاؤس گرم چشمہ (ii) ریسٹ ہاؤس بمبوریت (iii) ریسٹ ہاؤس بیریر (iv) ریسٹ ہاؤس دنین چترال (v) ریسٹ ہاؤس بونی (vi) ریسٹ ہاؤس مستوج، مذکورہ ریسٹ ہاؤسز میں کوئی مستقل رہائش پذیر نہیں ہے۔ منظوری پر چند دن کیلئے کرائے پر دی جاتی ہے۔ سال 2011ء کے دوران کل کرایہ مبلغ -/88,950 روپے وصول کئے گئے ہیں۔

ضلع ملاکنڈ: سرکٹ ہاؤس سابقہ پولٹیکل ایجنٹ ملاکنڈ بمقام ملاکنڈ قلعہ۔ مذکورہ سرکٹ ہاؤس حالات کی کشیدگی کی وجہ سے ابھی تک پاک آرمی کے زیر استعمال ہے۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

محترمہ نور سحر: یس سر۔ سپیکر صاحب، اس میں میری سپلیمنٹری ہے کہ انہوں نے صاف انکار کیا ہے کہ ہمارے پاس کمشنر ہزارہ اور کمشنر پشاور کے تحت کوئی ڈی سی اوز کے زیر انتظام سرکٹ / ریسٹ ہاؤس موجود نہیں ہے، تو کیا ان سے میں پوچھ نہیں سکتی کہ ایبٹ آباد کمشنر ہاؤس میں اب بھی سرکٹ ہاؤس موجود ہے

آپ اسمبلی کے 'تھرو' ابھی ان سے پوچھیں کہ سرکٹ ہاؤس ہے کہ نہیں ہے؟ تو یہ کسطرح انکار کرتے ہیں کہ ہمارے پاس نہیں ہے؟

<u>جناب سپیکر:</u> جی مفتی جانان صاحب۔

<u>مفتی سید جانان:</u> بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ زه صرف دا گزارش کوم، دا دوئ چې کوم تفصیل راکړے دے د دې تفصیل څه ثبوت شته، څه رسید یا مطلب دا دې څه داسې شے شته دے چې دا هسې ئے لیکل کړی دی چې دا دا تفصیلونه دی؟

<u>جناب سپیکر:</u> دا څه شے دے؟

<u>مفتی سید جانان:</u> چې دا کوم دوئ آمدن مونږ ته ښودلے دے څه سرکټ هاؤس کرک کل چھ کمروں پر مشتمل ہے جس کی سالانہ آمدن -/1,71,500 روپئ دی او لاندې ئے جی "ب" کښې لیکلی دی، سرکٹ ہاؤس (کے ڈی اے) کوہاٹ میں مالی سال 2011 اور مالی سال 2012 کے دوران آمدن کی تفصیل، دوئ جی لیکلی دی 2011 کښې -/1,69,320 روپئ او 2012 کښې -/1,83,000 روپئ شوې دی۔ د دې جی څه ثبوت شته دے، مطلب دے چې څه رسید مسید، که هسې دوئ جمع کړی دی؟

<u>جناب سپیکر:</u> جی ڈاکٹر ذاکر اللہ خان۔

<u>ڈاکٹر ذاکر اللہ خان:</u> جی په (ج) جز کښې دیر پائیس ئے لیکلې دے، وائی چې یو ریسټ هاؤس په تیمرگره کښې دے او یو په فشنګ هټ چکدره کښې۔ زه جی دا تپوس کول غواړم چې زمونږ چکدره پخپله باندې ټی ایم اے دے او دا د تیمرګرې سره اوس د هغوی زیر نګرانی چلیږی، نو منسټر صاحب دا اراده لری چې دا زمونږ دې نوې ټی ایم اے ته د، د چکدرې دا فشنګ هټ، دا چې کوم ریسټ هاؤس دے، دا هم دیر ته دغه کړی، حواله کړی ورته؟

<u>جناب سپیکر:</u> جی جاوید عباسی صاحب۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> Thank you very much۔ یہ بڑا Important Question ہے اور جو اس کا جواب آیا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ پورے ہاؤس کے ساتھ غلط بیانی کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ ایبٹ آباد میں، ہزارہ میں تو جناب سرکٹ ہاؤس جو چل رہا ہے، اس کے تین کمرے ڈی سی او ایبٹ آباد اور دو کمرے جو ہیں، وہ کمشنر ایبٹ آباد جو ہے، وہ الاٹ کرتے ہیں، وہ بڑے عرصے سے یہ چل رہا ہے تو یہ

میں سمجھنا چاہتا ہوں کہ انہیں یہ بات چھپانے کی کیا ضرورت تھی کہ انہوں نے کہا ہے کہ وہاں سرکٹ ہاؤس ایبٹ آباد میں موجود نہیں ہے؟ اس کی ذرا وضاحت بتائیں۔ جناب سپیکر، میں سمجھتا ہوں کہ پورے ہاؤس کو یہ غلط بیانی کی گئی ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی آنریبل لاء منسٹر صاحب، پلیز۔

<u>وزیر قانون</u>: شکریہ سر۔ یہ میرے خیال سے ہزارہ کے متعلق دونوں جانب سے جو ہے، یہ اٹھے ہیں۔ ریسٹ ہاؤسز ہیں، سرکٹ ہاؤسز ہیں لیکن زیر انتظام کمشنر کے نہیں ہیں، یہ بات ہے اور۔۔۔۔۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: اگر یہ کمشنر کے ماتحت نہیں ہے تو ڈی سی او کے ماتحت ہے؟

<u>وزیر قانون</u>: ڈی سی او کا تو ہم۔۔۔۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: اور اگر ان دونوں کے ماتحت نہیں ہے، ڈی سی او کے ماتحت اور نہ کمشنر کے ماتحت ہے تو اگر ان دونوں کے ماتحت نہیں ہے تو پھر کس کے ماتحت ہے؟

<u>وزیر قانون</u>: ایسا ہے جی کہ آپ کو اگر ڈیٹیلز، ایک تو وہ ایڈمنسٹریٹیو سیکرٹری بھی بیٹھا ہوا ہے، اگر ان سے معلومات لینا چاہیں تو وہ آپ کو بریک میں بتا سکتے ہیں اور Otherwise اگر یہ سوال جاتا ہے کمیٹی میں تو اس پہ بھی ہمیں اعتراض نہیں ہے۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: اچھی بات ہے، یہ کمیٹی میں جائے۔

<u>محترمہ نور سحر</u>: سر، کمیټئ ته ئے حواله کړئ جی۔

<u>Mr. Speaker</u>: Is it the desire of the House that the Question, asked by the honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker:</u> The 'Ayes' have it. The Question is referred to the concerned Committee. Again, Noor Sahar Sahiba, Question number?

<u>محترمہ نور سحر</u>: سوال نمبر سر، دیکښې دوه فګرز ورکړی دی، یو 13 دے او یو 62 دے۔ اوس پته نشته چې کوم یو دے؟ زما خیال دے 13 دے۔

<u>جناب سپیکر</u>: 13، په ایجنډا باندې 13 دے؟

<u>محترمہ نور سحر</u>: جی جی۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

محترمہ نور سحر: سر، او دیکبنې دوه درې سپلیمنټری دا دی، یو خو دوئ دا چې کوم فګر ورکړے دے ،آمدن کی فگر جو ہے، فرسټ پیج باندې نو دیکبنې دومره تضاد دے چې دوئ یو ځائے کبنې لکھونو کبنې خبره کوی 196092 خبره کوی او بل ځائے کبنې دوئ د بیس لاکھ خبره کوی نو چې یو لاکھ کبنې، دې لاندې تاسو وګورئ 80 کروړ کبنې خبره کوی او بل ځائے کبنې دوئ ساټھ کروړ کبنې خبره کوی نو په یو لاکھ کبنې دوئ بیس کروړ د پاسه Above amount ښودلے دے۔ دا فګر خو بالکل غلط دے ، دې سره خو زه اتفاق نه کوم۔ بل ځائے کبنې دے سیکنډ پیج باندې تاسو وګورئ، دوئ چې کوم ځائے کبنې آمدن لیکلے دے ، دوئ دا نه دی لیکلی چې دا آمدن مونږ ته د فروخت نه راغلے دے ، آیا دا د پیئو نه راغلے دے ، آیا دا د انډو نه راغلے دے ، د څه نه راغلے دے ؟ د دې هم دوئ پوره ډیټیل نه دے ورکړے۔ دریم پیج باندې وګورئ چې دوئ دا هم نه دی وئیلی چې مونږ کتنا مالی سال کے ، 2007-2008 دا ټول خو ئے ښودلی دی، دودھ کی آمدنی ئے ښودلې ده، خو کتنا دودھ دیا؟ د دودھ ډیټیل ئے نه دے ښودلے ، نو دا درې کوئسچنې زما سپلیمنټری دی سر۔

جناب سپیکر: جی۔آنریبل منسٹر صاحب تو نہیں ہیں، کیا کریں؟

ایک رکن: پینڈنگ۔

جناب سپیکر: پینڈنگ۔جی سردار اورنگزیب خان نلوٹھا صاحب، سوال نمبر؟

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سوال نمبر 44۔

جناب سپیکر: جی۔

* 44 _ سردار اورنگزیب نلوٹھا: کیا وزیر انتظامیہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے بینوولنٹ فنڈ سیل کے زیر اہتمام سرکاری ملازمین کیلئے بلا سود قرضہ سکیم برائے گھر کی تعمیر، موٹر سائیکل وسائیکل ایڈوانس شروع کی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ قرضہ سکیم کی مد میں سول سیکرٹریٹ، چیف منسٹر سیکرٹریٹ اور گورنر سیکرٹریٹ کے ملازمین کیلئے فنڈز بھی مختص کئے گئے ہیں جبکہ اسمبلی سیکرٹریٹ کو ایک ذیلی محکمہ (Attach Department) کے طور پر شامل کیا گیا ہے؛

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) سال 2010 سے 2012 کے دوران سول سیکرٹریٹ، چیف منسٹر سیکرٹریٹ اور گورنر سیکرٹریٹ اور صوبائی اسمبلی سمیت دیگر ذیلی اداروں (Attach Departments) کیلئے مذکورہ سکیم میں کتنا فنڈ مختص کیا گیا تھا، ہر سال کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) نیز صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کو بطور ذیلی محکمہ (Attach Department) میں شامل کرنے کی وجوہات بتائی جائیں؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی نہیں، حقیقت یہ ہے کہ سرکاری ملازمین کیلئے اس قرضے کی سہولت محکمہ خزانہ کے زیر اہتمام فراہم کی گئی ہے۔ بینوولنٹ فنڈ سیل صرف درخواستوں کی وصولی اور قرعہ اندازی کی خدمات انجام دیتا ہے۔

(ب) محکمہ خزانہ 2012-2009 سے دو علیحدہ فنکشنل ہیڈ (Functional Head) میں فنڈ مذکورہ سکیم کے تحت جاری کرتا ہے۔ مذکورہ فنکشنل ہیڈز درج ذیل ہیں۔

1۔ سول سیکرٹریٹ ملازمین۔ 2۔ جنرل ایمپلائز

چونکہ بینوولنٹ فنڈ سیل محکمہ جات اور ان کے ذیلی اداروں کا تعین نہیں کرتا لہذا اس ضمن میں کوئی وضاحت دینے سے معذور ہیں۔

(ج) (i) سال 2010 سے 2012 کے دوران مذکورہ سکیم میں مختص فنڈ کی تفصیل ذیل میں دی گئی ہے:

مالی سال	سول سیکرٹریٹ ایمپلائز	جنرل ایمپلائز
2009-10	1 کروڑ	3 کروڑ
2010-11	2 کروڑ	4 کروڑ
2011-12	5 کروڑ	4 کروڑ

ثبوت کے طور پر سال 2010 سے 2012 کے محکمہ خزانہ کے Sanction Orders کی کاپیاں ایوان کو فراہم کی گئی۔

(ii) جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے کہ بینوولنٹ فنڈ سیل محکمہ جات اور ان کے ذیلی اداروں کا تعین نہیں کرتا لہذا اس ضمن میں کوئی وضاحت دینے سے معذور ہے۔ اس ضمن میں تفصیلی وضاحت محکمہ خزانہ فراہم کر سکتا ہے۔ تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

<u>Mr. Speaker</u>: Any supplementary?
<u>Sardar Aurangzeb Nalotha:</u> Yes.

<u>جناب سپیکر</u>: جی۔

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا</u>: جناب سپیکر صاحب! میں نے اس سوال میں یہ وضاحت مانگی ہے کہ سال 2010ء سے 2012ء کے دوران سول سیکرٹریٹ، چیف منسٹر سیکرٹریٹ اور گورنر سیکرٹریٹ اور صوبائی اسمبلی سمیت دیگر ذیلی اداروں اور Attached Departments کیلئے مذکورہ سکیم میں کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے؟ تو انہوں نے جو تفصیل دی ہے 10-2009 کی اور 11-2010 کی اور پھر 12-2011 کی، اس میں سول سیکرٹریٹ ایمپلائز کیلئے پانچ کروڑ روپیہ اور جنرل ایمپلائز کیلئے چار کروڑ روپیہ رکھا گیا ہے۔ تو جناب سپیکر، یہ تمام ملازمین سے بحصہ برابر بینوولنٹ فنڈ کاٹا جاتا ہے تو یہ جو سول سیکرٹریٹ ایمپلائز ہیں، ان کی تعداد زیادہ سے زیادہ تقریباً دس سے پندرہ ہزار ہوگی اور جنرل ایمپلائز میں صوبہ بھر کے ملازمین آتے ہیں ان کیلئے چار کروڑ روپیہ اور سول سیکرٹریٹ کیلئے پانچ کروڑ روپیہ، تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ذرا منسٹر صاحب اس کی وضاحت کریں کہ کیا یہ دوسرے ملازمین کے ساتھ زیادتی نہیں ہے؟ اور پھر میرا دوسرا ضمنی کوئسچن یہ ہے جی کہ صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کو بطور ذیلی محکمہ (Attached Department) شامل کرنے کی وجوہات بتائی جائیں؟ تو انہوں نے یہ جواب دیا ہے کہ اس ضمن میں کوئی وضاحت دینے سے معذرت اختیار کی ہے اور اس ضمن میں تفصیلی وضاحت محکمہ خزانہ فراہم کر سکتا ہے۔ تو جناب سپیکر، جب بھی کسی فائدے کی بات ہوتی ہے تو فنانس ڈیپارٹمنٹ اور محکمہ انتظامیہ صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کو Attached Department کیساتھ لکھتے ہیں تو وہاں پہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اتنا زور آور، سپیکر صاحب، اس ہاؤس کے ہونے کے باوجود اگر صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کو Attached Department کے طور پر لکھا جائے تو یہ زیادتی ہے۔ میں یہ چاہونگا کہ آپ رولنگ دیں کہ صوبائی اسمبلی خود مختار ایک ادارہ ہے، تو اس پہ ملازمین کو بھی سول سیکرٹریٹ، سی ایم سیکرٹریٹ اور گورنر سیکرٹریٹ کے برابر مراعات دینی چاہئیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی نور سحر بی بی۔

نکتہ اعتراض

محترمہ نور سحر: سپیکر صاحب! یہ مجھے سمجھ نہیں آ رہی ہے کہ یہ Attached Department سے کس طرح انکار کرتے ہیں، حالانکہ لکھ کر آیا ہوا تھا کہ یہ Attached Department ہے۔ اب یہاں پر یہ انکار کرتے ہیں تو جناب سپیکر، آئین کے آرٹیکل (b)121 اور 127 کے تحت تو یہ ایک آئینی سیکرٹریٹ ہے تو یہ اس سے انکار کس طرح کر رہے ہیں کہ یہ Attached Department ہے؟ اگر یہ Attached Department ہے تو پھر اس میں تضاد اتنا بڑا کیوں ہے؟ یا تو یہ انکار نہ کریں اور یا ہمیں تضاد کی وجہ بتائیں کہ اتنا تضاد کیوں ہے کہ گورنر سیکرٹریٹ کو تو یہ مانتے ہیں، سول سیکرٹریٹ کو، اسمبلی سیکرٹریٹ کو یہ نہیں مانتے، کہتے ہیں Attached Department نہیں ہے، تو اگر Attached Department نہیں ہے تو پھر اس کا ہمیں بتائیں کہ یہ کیا ہے؟

جناب سپیکر: شاہ حسین خان۔ شاہ حسین خان صاحب کا مائیک آن کریں۔

جناب شاہ حسین خان: دېکښې جی داسې ده چې دوئ د آئین حواله هم ورکړله او نلوټها صاحب بنه په تفصیل سره خبره وکړله۔ نن ستاسو صرف رولنگ پکار دے چې دا Attached Department نه دے بلکه دا یو خود مختار سیکرټریټ دے۔

جناب سپیکر: ټهیک شوه جی۔ دیکښې بل څه کوئسچن خو نه وو سپلیمنټری؟ هن۔

وزیر قانون: نور سپلیمنټری نشته دے۔

جناب سپیکر: نه نه، هغه نه بنایم۔ دوئ یو سوال کړے وو چې پانچ کروړ او چار کروړ والا، دا چا کړے وو؟

ایک رکن: سردار نلوٹھا صاحب۔

جناب سپیکر: ہاں سردار نلوٹھا، آپ نے، رولنگ تو میں بالکل، واضح رولنگ Reserve کرتا ہوں، پرسوں دیدونگا۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: یہ سر، یہ چونکہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: لیکن ابھی اسمیں کوئی سپلیمنٹری سوال تو نہیں ہے نا۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپلیمنٹری یہ ہے جی کہ جو میں نے پوچھا ہے کہ یہ سول سیکرٹریٹ ایمپلائز کے پانچ کروڑ روپے انہوں نے رکھے ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: هغه وائی چې ډيرې او دوئ دا وائی لږې دی، دا څه؟-----

سردار اورنگزیب نلوٹھا: اور جنرل ایمپلائز جس میں پورے صوبے کے ملازمین آتے ہیں، ان کیلئے چار کروڑ روپیہ، تو یہ زیادتی نہیں ہے جنرل ایمپلائز کے ساتھ؟

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے جی۔ آن کریں آنریبل لاء منسٹر صاحب کا مائیک۔

وزیر قانون: مونږه جی نلوتها صاحب، میں اردو میں بات کرونگا، نلوٹھا صاحب کا جو کوئسچن ہے اور پھر ان کی جو Suggestions ہیں، وہ بالکل اتفاق کرتے ہیں اس کے ساتھ اور اس حوالے سے جو ہے فنانس اور ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹس کو یہ ہدایات ہیں ہماری طرف سے کہ یہ آپس میں میٹنگ کرلیں تو یا اسمبلی ایمپلائز کو سول سیکرٹریٹ ایمپلائز کی کیٹگری میں اگر لانا چاہیں اور یا کوئی Special dispensation کرکے ان کیلئے فنڈز Allocate کریں تاکہ یہ لوگ Benefit حاصل کریں۔ دو آپشنز ہیں جی اس کے-----

جناب سپیکر: جی۔

وزیر قانون: یا تو ان کو بٹھا کر ہم یہ فیصلہ کرلیتے ہیں کہ یہ کیٹگری اگر Change ہوسکتی ہے، صوبائی اسمبلی کے سیکرٹریٹ کے جو ایمپلائز ہیں، اگر ان کی Status یہ سول سیکرٹریٹ ایمپلائز میں لانا چاہتے ہیں تو وہ ایک طریقہ کار ہے یا As a special dispensation کوئی فنڈز کیلئے ہم سپیشل ریکویسٹ کرلینگے صوبائی اسمبلی کے سیکرٹریٹ کیلئے۔

جناب سپیکر: نہیں نہیں، اس پہ تو یہ کانسٹی ٹیوشن بڑا کلیئر ہے، کانسٹی ٹیوشن کا 87:

"**Secretariats of Majlis-e-Shoora (Parliament).** Each House shall have a separate Secretariat"

بس اس سے بڑی اور کیا، کانسٹی ٹیوشن بہت کلیئر ہے اس میں کہ یہ ایک Separate ادارہ ہے، سیکرٹریٹ Independent ادارہ ہے، Attached Department نہیں ہے۔

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

جناب سپیکر: جی آگے نور سحر صاحبہ، کوئسچن نمبر؟ جلدی جلدی کریں، آج لیجسلیشن جی بہت ہے۔ جی نور سحر بی بی، سوال نمبر؟

محترمہ نور سحر: سر، کوئسچن نمبر 91۔

جناب سپیکر: جی۔

* 91 _ محترمہ نور سحر: کیاوزیر انتظامیہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ سول سیکر ٹریٹ میں آنے والے مہمانوں کے نام، پتہ، آنے کامقصد، شناختی کارڈنمبراور موبائل کااندراج گیٹ پر ہوتاہے؛

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ مورخہ 30-05-2011 کو سیکر ٹریٹ میں کلاس فور ملازمین کے مابین لڑائی ہوئی تھی جس میں باہر کے لوگوں نے بھی حصہ لیا تھا؛

(ج)اگر (الف)اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مورخہ 30-05-2011 کو آنے والے مہمانوں کے نام، پتہ اور مقصد کی تفصیل فراہم کی جائے، نیز مورخہ 30-05-2011 کے واقعہ میں ملوث افراد کے نام، پتہ اوران کے خلاف کیاکارروائی عمل میں لائی گئی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان(وزیراعلیٰ) (جواب وزیرقانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔ مورخہ 30-05-2011 کو سول سیکر ٹریٹ میں کلاس فور ملازمین کے مابین لڑائی ہوئی تھی، اس ناخوشگوار واقعے میں کلاس فور ملازمین کے کچھ نمائندے اور ان کے رشتہ دار شامل تھے۔ CCTV Photage کی بنیاد پر محکمانہ کارروائی کی گئی اوراس جھگڑے میں ملوث تین افراد کو ملازمت سے فارغ کیا گیا۔اس واقعے کی رپورٹ مقامی پولیس کو بھی کی گئی ہے۔

(ج) مورخہ 30-05-2011 کو آنے والے مہمانوں کی لسٹ ایوان کو فراہم کی گئی۔ ملازمین میں جن افراد نے لڑائی میں حصہ لیا تھا،ان کو باقاعدہ انکوائری کے بعد نوکری سے برخاست کیا گیاہے۔اس ناخوشگوار واقعے کی Photage موجود ہے جس کی ایک سی ڈی جواب کے ساتھ ایوان کو فراہم کردی گئی۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

محترمہ نور سحر: یس سر۔ سر، پانچ نو لوگوں کے نام دیئے ہوئے ہیں کہ وہ اس دن آئے تھے جس دن وہ لڑائی ہوئی تھی۔ آیا اتنے بڑے سیکر ٹریٹ میں آپ یقین کر سکتے ہیں کہ نو لوگ آئے ہونگے،اس دن نو لوگ آتے ہیں؟ دوسرا میں حیران ہوں کہ یہ سیکورٹی کامسئلہ ہے اوران سے اتنے لوگ بھاگے کس طرح، چار گیٹس ہیں ہمارے سول سیکر ٹریٹ کے، اس وقت فوراً آرڈر کیوں نہیں ہوا کہ چاروں گیٹوں کو بند کردیں تاکہ کوئی بھی باہر نہ جاسکے؟ لوگ بھاگ گئے، ان کے پیچھے یہ بھاگ رہے ہیں، ان کے پیچھے یہ انکوائری کررہے ہیں، وہ اس وقت بھاگے کس طرح؟ اگر سیکیورٹی اور لاء اینڈ آرڈر کامسئلہ ہے تو چاروں دروازوں کواس وقت بند کرنا چاہیئے تھا۔ دوسرا یہ ڈیٹیل انہوں نے غلط دی ہے کہ نو بندے آئے تھے، آیا

اتنے بڑے سیکرٹریٹ میں صبح سے لیکر شام تک نوبندے آتے ہیں، کتنے سیکرٹری وہاں پر بیٹھے ہوتے ہیں، کتنے منسٹرز وہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں؟تو یہ تو میں یقین نہیں کر سکتی۔

جناب سپیکر: بی بی، بات ایسی ہے کہ یہ جواب تو بڑا کلیئر نظر آ رہا ہے کہ Photage بھی اس کی Attached ہے، آپ کا اس میں اور کیا مطلب ہے، آپ کیا چاہتی ہیں؟

محترمہ نور سحر: سر، مسئلہ یہ ہے کہ سیکورٹی والوں سے یہ بندے بھاگے کس طرح، انہوں نے اس وقت گیٹس فوراً بند کیوں نہیں کئے؟ دوسرا انہوں نے جو نوبندوں کی ڈیٹیل دی ہے تو میں کیا کوئی بھی یقین نہیں کر سکتا کہ سول سیکرٹریٹ میں پورے دن میں صرف نوبندے آئے ہوں، تو یہ کو کمیٹی کے حوالے کر دیں تاکہ اس کی انکوائری ہو سکے۔ یہ تو سیکورٹی وائز ہے اس سیچویشن میں اس طرح کس طرح ہو سکتا ہے کہ نوبندے سارے دن میں آئے ہونگے؟

جناب سپیکر: نہیں، انہوں نے تو ٹھیک ٹھاک ایکشن بھی لیا ہے۔

محترمہ نور سحر: سیکورٹی کے خلاف ایکشن۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں اس میں ٹھیک، اور اس سے زیادہ ایکشن کیا لینگے جو Termination بھی ہوئی ہے اور وہ بھی ہوئی ہے؟ دوسرا جو جھگڑے والی Photage ہے، اس کی سی ڈی بھی Attached ہے، ساتھ ہے۔

محترمہ نور سحر: سر، Termination صرف تین بندوں کی ہوئی ہے سر۔

جناب سپیکر: ان کو یہ سی ڈی ادھر دکھائی جائے۔ جی لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: زما په خیال جی دا بی بی که لږ صحیح دا اووائی کنه جی، نو دوئ ته به پته ولګی چې سیریل نمبر 9 to 1 دے بیا آخر کښې لیکلی دی چې یره فنانس ډیپارټمنټ له 35 کسان راغلی دی، هغې پسې چې کوم اسټیبلشمنټ آفس دے هغې کښې 29 دی، هغې پسې ایوب اشاړی صاحب 20 دی، بشیر بلور صاحب 43 پی ډی ایم اے 73 او همایون خان 38 مختلف، شیراعظم خان 48۔ دا لسټ ورسره بیا بیل لګیدلے دے نو چې دا اووایئ، نو مطلب۔۔۔۔

جناب سپیکر: Attached list آپ پڑھ لیں تو اس میں سب کے سامنے۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب، جواب میں لکھا ہے کہ اس واقعے کی Photage موجود ہے جس کی ایک سی ڈی جواب کے ساتھ لف ہے۔ تو مطلب ہے کہ اگر آپ کے سیکرٹریٹ کو دی گئی ہو تو ہمیں پتہ نہیں ہے، ہمارے پاس جواب میں تو نہیں ہے؟

جناب سپیکر: سی ڈی آئی ہے، نہیں آپ کو سی ڈی ملی ہے ؟

محترمہ نور سحر: نہیں سر، مجھے نہیں ملی ہے۔

جناب سپیکر: تو پھر سی ڈی کس کو دی گئی ہے، جو اس جواب میں دی گئی ہے ؟

محترمہ نور سحر: سر، یہ تو 'لف' کے الفاظ ہیں جو آپ کہہ رہے ہیں، مجھے تو کچھ پتہ نہیں ہے سی ڈی کا۔

جناب سپیکر: یہ جواب میں تو کھلا کھلا لکھا ہے کہ CD Attached ہے۔

محترمہ نور سحر: تو سر، نہیں ہے سی ڈی ہمارے پاس، کس کے پاس ہے سی ڈی؟ سر، اسے کمیٹی کو ریفر کر دیں، وہاں پر سی ڈی دکھائی جائیگی۔

(اس مرحلہ پر سی ڈی محرک کے حوالہ کی گئی)

جناب سپیکر: آپ پلیز ذرا In order رہیں۔ مجھے تھوڑا سا، ایک کوئسچن میں Sense ہو نا کہ کمیٹی کو جانے کیلئے کچھ میٹریل کیا ہے، کیوں بھیجا جائے ؟

محترمہ نور سحر: میں ابھی بتاتی ہوں۔ ایک تو سیکورٹی وائز، یہ بندے اندر کس طرح ہوئے، وہاں پر ہر ایک بندے کا نام لکھا جاتا ہے اور اس کی تفصیل لکھی جاتی ہے، اس طرح غلط بندے وہاں اندر کیوں چلے گئے ؟ دوسری بات یہ ہے کہ انہوں نے تین بندوں کو Terminate کیا ہے، لڑائی جو تھی وہ بہت بڑی لڑائی دکھائی گئی، تو آیا تین بندوں کی یہ لڑائی ہوئی ہے ؟ تو یہ ساری انکوائری ہو گی، وہ کمیٹی میں جائے گا، وہاں پر یہ ثابت ہو گا کہ کیا ہوا ہے کیا نہیں ہوا ہے، آیا انہوں نے چار گیٹ اسی وقت بند کیوں نہیں کئے ؟ لڑائی کے دوران ان کو گیٹس بند کرنے چاہئیں تاکہ بندے باہر ہی نہ نکلتے، ان کو بھاگنے کی کیا ضرورت تھی ؟

جناب سپیکر: جی آنریبل لاء منسٹر صاحب۔ سی ڈی ان کو دکھا دیں۔

وزیر قانون: سی ڈی یہ بھی ہے اور سی ڈیاں بھی اگر دیکھنا پسند کریں، وہ بھی دیدیں گے ان کو، لیکن بات یہ ہے کہ ایمپلائز ہیں سارے سیکر ٹریٹ کے اور وہ اگر باہر جائیں تو کون روک سکتا ہے ؟ مطلب یہ ہے کہ اندر آتے ہیں، سیکر ٹریٹ ملازمین ہیں، جنرل پبلک بھی اندر آتی ہے، باہر جاتی ہے، تو ایک جھگڑا ہو گیا اس سے یہ تو نہیں ہے کہ سب کو Seal کر دیں، کوئی باہر نہیں جائیگا، ایسا تو نہیں ہو سکتا۔ بس میرے خیال سے Satisfactory جواب ہے اور ان کو کبھی کبھی جو ہے Appreciation کرنی چاہیئے خصوصاً ایڈمنسٹریٹیو ڈیپارٹمنٹ کی کہ انکی کارکردگی بھی اچھی ہے اور۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مطلب یہ ہے کہ کمیٹی کو جانے کی ضرورت نہیں ہے۔

وزیر قانون: نہیں جی، بالکل جانے کی ضرورت نہیں ہے۔

جناب سپیکر: سی ڈی ان کو مہیا کی جائے تاکہ یہ خود دیکھیں رات کو، شام کو آرام سے بیٹھ کر وہ سی ڈی آپ دیکھ لیں۔ جی شاہ حسین صاحب، کوئسچن نمبر؟

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): د جھگړې ریکارډنګ شوے دے۔

جناب سپیکر: ایک میاں صاحب کو بھی دے دی جائے۔

وزیر اطلاعات: ما له جی ځکه راکړئ، سبا به اخبار کښې تاسو پسې راغلي وی، دا سی ډی ډیره بدنام وی نو ځکه زه وایمه چې که زه هم خبر یمه نو کار به ټهیک وی۔

جناب سپیکر: دا میاں صاحب! هغه سی ډی نه ده کومه چې تاسو ګنړئ، (قہقہہ) سی سی ٹی وی کوریج جہاں ہوتی ہے، کلوز سرکٹ۔ جی شاہ حسین خان، سوال نمبر؟

جناب شاہ حسین خان: سوال نمبر71۔

جناب سپیکر: جی۔

* 71 _ جناب شاہ حسین خان: کیا وزیر انتظامیہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ پشاور میں سرکاری گھروں کی الاٹمنٹ کرتا ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ گھروں کی الاٹمنٹ قانون کے مطابق، منصفانہ، شفاف اور میرٹ کی بنیاد پر ہوتی ہے؛

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) محکمہ کے پاس کل کتنے گھر، فلیٹس، ریسٹ ہاؤسز اور کالونیاں ہیں، تمام کی تفصیل بمعہ گھروں کی تعداد فراہم کی جائے، نیز ان میں رہائش پذیر اہلکاروں کے نام، عہدہ، گریڈ، مکان کی قسم کی تفصیل فراہم کی جائے؟

(ii) کتنے اہلکاروں کو Entitlement سے زیادہ / کم گھر الاٹ کئے گئے ہیں، نیز کتنے اہلکاروں کو والدین کی ریٹائرمنٹ پر انکے استحقاق سے بڑے گھر الاٹ کئے گئے ہیں؛

(iii) سال 2004 سے تاحال کتنے اہلکاروں کو وزیر اعلیٰ صاحبان کے احکامات پر گھر الاٹ کئے گئے ہیں؛ نیز حکومت گھروں کی الاٹمنٹ منصفانہ اور شفاف بنانے کیلئے کئی اصلاحات / اقدامات کر رہی ہے اور استحقاقات سے بالا مکانات کو خالی کرانے کا ارادہ رکھتی ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) (i) محکمہ انتظامیہ کے پاس اس وقت مختلف درجات کے 1381 کوارٹرز، فلیٹس اور بنگلے ہیں جن میں رہائش پذیر افراد کے کوائف محکمے کے پاس موجود ہیں، اگر معزز رکن اسمبلی چاہے تو پیش کئے جا سکتے ہیں۔

(ii) والدین کی ریٹائرمنٹ پر مختلف اہلکاروں کو انکے استحقاق کے مطابق بغیر نمبر کے گھر الاٹ ہوتے ہیں۔ جو سرکاری افسران اپنے استحقاق (Entitlement) سے کم مکانات میں رہائش پذیر ہیں، انکی تفصیل محکمے کے پاس موجود ہے۔ اگر معزز رکن اسمبلی چاہے تو پیش کی جا سکتی ہے۔

(iii) سال 2004 کے بعد وزیر اعلیٰ صاحب کے احکامات پر جو الاٹمنٹ ہوئی ہے، اسکی تفصیل محکمہ کے پاس موجود ہے اور اگر معزز رکن اسمبلی چاہے تو پیش کی جا سکتی ہے۔ محکمہ انتظامیہ نے سرکاری گھروں کی الاٹمنٹ منصفانہ اور شفاف بنانے کیلئے مارچ 2010 میں وزیر اعلیٰ صاحب کی منظوری کے بعد پالیسی مرتب کی ہے جس کے تحت الاٹمنٹ کی جاتی ہے۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

جناب شاہ حسین خان: مطمئن یم جی، مطمئن یم۔

Mr. Speaker: Thank you. Shah Hussain Sahib, again.

مفتی سید جانان: جناب سپیکر، پہ دیکښې یو سپلیمنټری سوال دے جی۔

جناب سپیکر: چې هغه اوس مطمئن شو، بس تاسو هم کښینئ۔

جناب کشور کمار: جناب سپیکر، اس پر میرا سپلیمنٹری کوئسچن ہے۔

جناب سپیکر: آپ بڑے لیٹ اٹھتے ہیں، پہلے سے جب۔۔۔۔۔

جناب کشور کمار: سوال میں جی آگے سر، لکھتے ہیں کہ اگر معزز رکن اسمبلی چاہے تو پیش کی جا سکتی ہے۔ سر، یہ بار بار مذاق بنایا جا رہا ہے، دو دن پہلے بھی ایسا کوئسچن آیا تھا کہ اسمبلی، سر پورا ہاؤس یہ جاننا چاہتا ہے کہ یہ مسئلہ کیا ہے؟ یہ ایک بندے کا مسئلہ نہیں ہے کہ صرف ایک بندے کو دیا جا سکے۔ پھر جی لکھتا ہے، وہ خود لکھتا

ہے کہ ساتھ مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں اور سر، پھر یہ لکھا ہے کہ معزز رکن اسمبلی چاہے تو پیش کی جا سکتی ہے، معزز رکن تو تفصیل مانگ رہا ہے۔

جناب سپیکر: جی مفتی، تاسو څه وایئ؟

مفتی سید جانان: زما جی هم دا خبره ده۔

جناب سپیکر: ٹھیک شوه جی، ٹھیک شوه۔ جی آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: داسې ده جی، شاه حسین صاحب ته خو مکمل تفصیلات د دې ټول جواب سیکرټری صاحب پخپله، بریفنگ ورکړو، دوئ مطمئن دی او کوم ممبرز چې څه مزید تفصیلات غواړی، سیکرټری صاحب زمونږه ناست دے بمع ریکارډ او رابشی او دوئ ته به ټول تفصیل اوښائی خو دا چونکه په دې باندې مطلب دا دے چې په فوټوسیټیټو باندې ډیرې زیاتې پیسې لګی جی، په لکھونو روپۍ لګی نو ځکه مونږ کم۔۔۔۔

جناب سپیکر: هسې هم چې Heavy expenses په کوم یو ریکارډ باندې راځی نو هغه یو دوه، که فوټو سیټ خیر دے اوباسئ چې یو موؤر ته راځی، اسمبلی سیکرټریټ ته۔

جناب محمد عالمگیر خلیل: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی تاسو هم، جی عالمگیر خان۔

جناب محمد عالمگیر خلیل: ډیره شکریه جناب سپیکر صاحب۔ منسټر صاحب خو ډیره ښکلې خبره وکړه خو زه ورته یو ریکوېسټ کومه چې هغه افسران هم اوښایه چې په پیښور کښې ئے هم بنګله ده او په بل ځائے کښې ئے ډیوټی ده، هلته کښې هم ورسره سرکاری بنګلې دی، هغه کسان هم پکښې راولئ، هغه د پکښې شامل کړی۔۔۔۔

وزیر قانون: تاسو اوښایئ کنه۔

جناب محمد عالمگیر خلیل: زه دا نه وایم، دا ستاسو د منسټر کار دے، چې کله تا راوړو او تا اونه ښودلو نو بیا به ئے زه اوښایمه، بیا زما کار دے۔ (قہقہے) بیا به ئے درته زه ښایمه، هغه بیا زما کار دے، زه به درته اوښایمه چې ډبل ډبل کورونه

دی ورسره، په پیبنورکښې ئے بچی دیره دی او دے هلته پخپله چې په هر ډسټرکټ کښې کار کوی، او چې په کوم ځائے کښې په اسلام آباد کښې کار کوی، دوه دوه کورونه ساتی، هغه هم پکښې لیږ راولئ۔

وزیر قانون: فریش کوئسچن لے آئیں۔

جناب کشور کمار: جناب، میرے سوال کا جواب بھی نہیں دیا۔

جناب سپیکر: بس یہ کوئسچن آپ لے آئیں، Put up کریں آج ہی۔

جناب کشور کمار: میرا سوال تو اسی کوئسچن سے متعلق ہے، اس کا جواب۔۔۔۔۔

وزیر قانون: یہ فریش کوئسچن لے آئیں۔

جناب سپیکر: نہیں، جو بعض کوئسچنز فریش زمرے میں آتے ہیں تو انکے پاس ریکارڈ، اس وقت منسٹر صاحب۔۔۔۔۔

مفتی سید جانان: محترم سپیکر صاحب، یوه خبره کومه په دې سلسله کښې۔

جناب سپیکر: جی مفتی جانان صاحب۔

مفتی سید جانان: دا جی زمونږ حق دے، دلته کښې کوم ممبر غواړی هغه ته به جی تفصیلات ورکولے کیږی، که بیا داسې وی، بیا خو په اسمبلئ باندې هم خرچه کیږی جناب، بیا خو به دې دومره خلقو باندې هم خرچه کیږی، دا زمونږ استحقاق دے، دا به دوئ راوړلے شی که حقیقت وائی، او۔

محترمہ نور سحر: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی۔

محترمہ نور سحر: کیا اس میں Disability پر بھی کوئی گرانٹ ملتی ہے کہ نہیں ملتی؟ یہ بینوولنٹ فنڈ کی بات ہے۔

جناب سپیکر: کیا جی؟

محترمہ نور سحر: یہ بینوولنٹ فنڈ کی جو بات ہورہی ہے، فلاح بہبود کی، بینوولنٹ فنڈ میں Disability پر کوئی گرانٹ ملتی ہے کہ نہیں ملتی؟

جناب سپیکر: بی بی، آپ بیٹھ جائیں، وہ بعد میں آرہا ہے۔ ابھی اس کا نمبر نہیں آیا ہے۔ اسکی کاپیاں جو ممبران صاحبان کوئسچنز کر رہے ہیں، ان کو Provide کی جائیں۔ آگے شاہ حسین صاحب، سوال نمبر؟

جناب شاہ حسین خان: سوال نمبر 72۔

جناب سپیکر: جی۔

* 72 _ جناب شاہ حسین خان: کیاوزیر انتظامیہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ کی زیر نگرانی ملازمین کی فلاح و بہبود کیلئے بینوولنٹ فنڈ سیل قائم کیا گیا ہے جس کے ذریعے بہت سے ادارے قائم کئے گئے ہیں;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو: (i) بینوولنٹ فنڈ سیل کی زیر نگرانی کون کونسے منصوبے پایہ تکمیل کو پہنچے ہوئے ہیں؛ ہر ایک منصوبے کا نام، سالانہ آمدنی اور اخراجات کی گزشتہ تین سالوں کی تفصیل ایئر وائز فراہم کی جائے؛

(ii) ملازمین سے بینوولنٹ فنڈ کی مد میں جمع کی گئی رقم کی تفصیل فراہم کی جائے، نیز مذکورہ رقم کس بینک میں کس شرح منافع پر رکھی گئی ہے، مذکورہ تین سالوں کی مکمل بینک سٹیٹمنٹ فراہم کی جائے؛

(iii) گزشتہ تین سالوں کے دوران مذکورہ فنڈ سے ملازمین کی فلاح و بہبود پر خرچ کی گئی رقم کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی یہ درست ہے کہ بینوولنٹ فنڈ سیل کا قیام ملازمین کی فلاح و بہبود کیلئے قائم کیا گیا ہے اور اس کے ذریعے کچھ ادارے بھی قائم کئے گئے ہیں۔

(ب) (i) بینوولنٹ فنڈ سیل کی زیر نگرانی مندرجہ ذیل منصوبے پایہ تکمیل کو پہنچے ہیں:

1۔ بینوولنٹ فنڈ بلڈنگ، صدر روڈ پشاور 2۔بینوولنٹ فنڈ پبلک سکول، کوہاٹ روڈ پشاور

3۔ بینوولنٹ فنڈ فلنگ سٹیشن، صدر روڈ پشاور 4۔بینوولنٹ CNG فلنگ سٹیشن صدر روڈ پشاور

گزشتہ تین سالوں میں ہر منصوبے سے سالانہ آمدنی اور اخراجات کی ائیر وائز تفصیل فراہم کی گئی ہے۔

(ii) ملازمین سے بینوولنٹ فنڈ کی مد میں جمع کی گئی رقم کی تفصیل درج ذیل ہے۔

سال	رقم
2009-10	95,436,929
2010-11	559,464,082
2011 Feb 2012	358,225,600

مذکورہ رقم کو دو حصوں میں تقسیم کر کے روزمرہ کے اخراجات کیلئے رقم نیشنل بینک میں 6% پر اور خیبر بینک میں 10% پر سالانہ شرح منافع پر رکھی گئی، جبکہ JS Bank میں 10% پر جو رقم پڑی تھی اس کو خیبر بینک میں 25-03-2010 کو ٹرانسفر کر دی گئی۔ تین سالوں کی مکمل بینک سٹیٹمنٹ مطالبہ پر فراہم کی جا سکتی ہے جبکہ اضافی رقم مبلغ =/1,047,610,947 گورنمنٹ T-Bills میں 11.70 % سے لیکر 13.92 % سالانہ شرح منافع پر انویسٹ کیا گیا ہے۔ انویسٹمنٹ کی تفصیلات ایوان کو فراہم کی گئی ہیں۔

(iii) گزشتہ تین سالوں کے دوران مذکورہ فنڈ سے ملازمین کی فلاح و بہبود پر مبلغ -/683,906 million خرچ کئے گئے ہیں۔ فلاح و بہبود کی مختلف مدوں اور اس پر مذکورہ خرچ شدہ رقم کی تفصیلات ایوان کو فراہم کی گئی ہیں۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

جناب شاہ حسین خان: سپلیمنټري خو نشته جي خو د دې-----

جناب سپیکر: نو بس بیا کښېنه نو۔

(قہقہے)

جناب شاہ حسین خان: یو منټ، د بینوولنټ فنډ د دې کارکردګۍ په باره کښې مې لږ تاسو ته وضاحت کولو جي، د دوئ ډېره بنائسته کارکردګي وه۔ دا په 2009-10 کښې د دوئ آمدن وو 93 لاکه روپئ، بیا په 2011-12 کښې د دوئ آمدن شو دوه کروړه روپئ، خرچه ئے په 2009-10 کښې زیاته وه او په 2011-12 کښې خرچه کمه شوې ده۔ دا سې د دوئ چه کوم پبلک سکول دے ، د هغې خرچه هم هغه کال په کال کمه شوې ده او آمدن ئے زیات شوے دے۔ دا سې د دوئ فلنګ سټیشن کوم دے ، د هغې د 2009-10 آمدن وو 10 لاکه 43 هزار 2010-11 شو 16 لاکه تقریباً څه د پاسه او خرچه ئے په دې دواړو کالونو کښې، 2010-11 کښې هم هغه کمه شوې ده او 2011-12 کښې هم هغه کمه شوې ده۔ بل د دې بنکته دا سی این جی فلنګ سټیشن دے ، د هغې 27 لاکه 59 هزار د 2010-11 امدن وو، د 2011-12 24 لاکه آمدن دے ، د دې آمدن زیاتیږي او خرچه ئے کمیږي نو مونږه به په اسمبلۍ کښې خو ټول عمر د دې د پاره نه پاڅو چې مونږه به خامخا په یو سړي باندې یا په یو محکمه باندې به اعتراض کوؤ؟ بعضې وخت کښې یوه

محکمه وی، د هغې کارکردگی ښه وی نو هغه به ستائیو هم او د هغې به صفت هم کوؤ او د هغې به تعریف هم کوؤ۔ ډیره مهربانی جی۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> *شکریہ جی۔ جی ثاقب اللہ خان۔*

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی:</u> سر، یو خو زما 'کمنټس' دا دی چې که د سی این جی سیل کم دے جی او خرچه ئے کمه ده نو د دې مطلب دا دے چې د دوئ سی این جی سمه نه چلیږی، پرائس چې دے د سی این جی د Per unit هغه په دے دوه کالو کښې Exponentially زیات دے، Hundred او Two hundred percent زیات شوے دے نو Expenditure خو چې چلیږی نه نو Expenditure به چرته نه راځی؟ نو یو خو زما دا ریمارکس دی خو سر، زما دا سیکشن (ب) چې دے او جز (2)، په دیکښې سر تاسو وګورئ نو دا جواب لیکی ډیپارټمنټ "*مذکورہ رقم کو دو حصوں میں تقسیم کر کے روزمرہ کے اخراجات کیلئے رقم نیشنل بینک میں 6% اور خیبر بینک میں 10% سالانہ شرح منافع پر رکھی گئی۔*" سر، زما کوئسچن دا دے چې دوئ په کوم بنیاد باندې بینکونو کښې پیسې ایږدی او د دې طریقه څه ده؟ چې خیبر بینک په 10% باندې ورکوی لګیا دے، نو دوئ شپږ پرسنټ باندې په نیشنل بینک کښې ولې ایښودې دی؟ دا ئے په 10% باندې ایښودې شوې خیبر بینک سره۔ بل دا سې سر، دوئ دا هم لیکلی دی جبکه "JS Bank *میں 10% پر جو رقم پڑی تھی اس کو خیبر بینک میں 25-03-2010 کو ٹرانسفر کر دی گئی۔*" سر، د دې څه ریټ وو جی، چې کله تاسو ته خپل د صوبې بینک په 10% شرح باندې درکوی نو دا خو جی د خلقو نه کټ کیږی لګیا دے، دا خو یو قسم امانت دے، د دې سره خو به ډیر احتیاط سره تاسو کار کوئ جی، نو چې 10% شته دے نو په 6% باندې ئے ولې تاسو هلته کښې ایږدئ جی؟ نو زما دا دغه دے چې Criteria د دې څه ده چې دوئ څنګه ورکوی جی؟

<u>جناب سپیکر:</u> *جی آنریبل لاء منسٹر صاحب۔*

<u>وزیر قانون:</u> زما په خیال۔۔۔۔

<u>جناب عبدالستار خان:</u> *جناب سپیکر۔۔۔۔*

جناب سپیکر: یو منټ جی، دے هم پرې څه وائی۔
جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر! میں نے بھی ایک سوال کیا تھا، میرے ذہن میں بات آئی تھی لیکن ثاقب نے پہلے اٹھایا لیکن اس میں جو بینوولنٹ فنڈ ہمارے صوبائی ملازمین کا، اس میں جو ترقیاتی ادارے انہوں نے بنائے ہیں مختلف قسم کے، جس میں پشاور میں تین اداروں کا ذکر انہوں نے کیا ہے، تو کیا یہ طریقہ کار باقی علاقوں میں یا باقی ملازمین کیلئے کوئی ایسا پروسیجر ہے کہ ان کیلئے بھی مطلب ہے فلاح و بہبود کیلئے ادارے بنائیں باقی صوبے کی طرح؟
جناب سپیکر: جی آنریبل لاء منسٹر صاحب، پلیز۔ بس دے جی، دا ډیرېږی ډیر شو کوئسچنز۔
وزیر قانون: جی زما خیال دے ډیر دغه ته لاړو، دا داسې دے جی چې یو خو Passing remarks دوئ ورکړل د سی این جی فلنګ سټیشن متعلق، نو زما په خیال د دې زمونږ سره پوره ریکارډ، هر څه پراته دی، که دوئ ټائم اوباسی او دغه وګوری نو ان شاءالله کارکردګی د ایډمنسټریشن ډیپارټمنټ چې کوم د هغه په هغې کښې لکه معمولی ګنجائش هم د Error او د غلطئ نشته ډیر ښه طریقې سره ټول معاملات د ایډمنسټریشن روان دی خو بهر حال دا خو سړے بس کاغذونو ته وګوری او ریمارکس پرې ورکړی، هر سړے آزاد دے۔ دویمه خبره دا ده جی چې دا کوم 6% دوئ چې نیشنل بینک کښې وئیلی دی، دا د ټریژری بلز وو، دا ډیر مخکښې اختلی شوی وو، دا چې کله Mature شو او بیا In cash شی نو بیا به ان شاءالله دا به 'پراپر' طریقې سره به د دې Reinvestment به او شی ښه طریقې سره جی۔
جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: سر دا ټریژری بلز چې دوئ خبره وکړه۔۔۔۔
جناب سپیکر: جی ثاقب الله خان، ولې مطمئن نه شوې؟
جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: سر دا انوسټمنټ چې کوم ټریژری بلز سره شوے دے کنه جی، د دې ټول په Annexure (ب) کښې دے جی او هغه تقریباً 11.8% کم از کم دے او 13.3639% هسې دے، په هغې کښې خو، دا خو جی جنرل دغه دے، پکار دا ده چې ټریژری بلز کښې هم شوے وو او دا کم از کم دې زوړ والا Keyboard ته چې وګورئ جی او هغې د پاسه 14% باندې هغه هم پکار وو۔ زما په هغې

سوال نه دے جی، زما سوال دا دے چې په يو ټائم باندې دا خو زه د هغې خبره کومه جی چې کوم 'روزمرہ کے اخراجات کیلئے' دے جی، هغه دوه کبنې، دې نيشنل بينک کبنې هم دی، خيبر بينک کبنې، زمونږ د صوبې بينک دے جی، پکار ده چې هغه 10% ورکوی نو مونږه هغې ته Priority ولې نه ورکوؤ؟ بل دا ده جی دا د خلقو نه پيسې کټ کيږی، دا د گورنمنټ او د دغه نه کيږی، پکار دا دی چې د دې کوم پروسيجر وی بينک له ورکولو چې هغه Properly adopt کوی، زه دا Criteria تپوس کوم چې په کوم بنياد دوئ پيسې ورکوی؟ يو خو کوم انټرسټ ريټ پکار ده چې وی، هغه انټرسټ ريټ خو په کاغذ باندې نه وی، منسټر صاحب ته خو پته ده جی کنه، د دنيا هر يو فنانشل سټيټمنټ راواخلئ، هغه هم په کاغذ باندې جی مونږ گورو او په کاغذ باندې د هغې Assessment کيږی جی، Analysis assessment۔

<u>محترمہ نور سحر</u>: جناب سپيکر صاحب۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی بی بی، تاسو څه وايئ؟ ودريږه جی، د دوئ هم واورئ پکښې، دا هم۔

<u>محترمہ نور سحر</u>: ديکښې دا سپليمنټری ده چې دا Sixty eight crore something چې دوئ بنائی، آيا ديکښې Disability باندې هم څه گرانټ دوئ ورکوی که نه صرف دا عام روغو خلقو له ورکوی؟

<u>جناب سپیکر</u>: جی آنریبل لاء منسٹر صاحب، پلیز۔

<u>وزیر قانون</u>: دا به جی، خنگه ثاقب خان اوويل، بالکل نيشنل بينک، دا به شفټ کړې شو، دا به زه ورته هدايت ورکومه چې دا دوئ د دې دغه وکړی چې يره څومره Profitable زيات دوئ ته دغه ملاويږی، هغې ته د شفټ کړے شی خو زه نه يم خبر چې يره دې وخت کبنې دا ولې څه Administrative convenience د پاره دوئ چرته لنډ نيشنل بينک کبنې ايښودے وے يا څه روزمره اخراجات دوئ يادوی، خو بهر حال دا به کوشش کوؤ چې يره بنه نه بنه شرح منافع په دې باندې ملاويږی۔ باقی چې کوم د دوئ Suggestions دی، ان شاءالله په هغې باندې به عملدرآمد به کيږی که خير وی جی۔

جناب سپیکر: دا Disabled د پاره دا څه-----

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: د دې انکم نه وائی چې کوم Disabled شی یا پینشن، څه شے، ستاسو سوال څه وو؟

محترمہ نور سحر: دا چې کوم Disabled شی، د هغوی د Disability د پاره څه گرانټ دوئ ایښودلے دے که نه دے ایښودلے؟ کوم چې Disabled شی۔

جناب سپیکر: چې کوم معزوره شی د هغوی د پاره وائی پکښې څه بینوولنټ فنډ--

وزیرقانون: ملاویږی جی 'ایډ' ۔

جناب سپیکر: ملاویږی، 'ایډ' ملاویږی جی خو چا ته به ملاویږی چاته به نه ملاویږی، دا خو به ډیره اوږده قیصه وی۔ ټولو ته ملاویږی؟ سیکریټریټ دا وائی چې ټولو ته ملاویږی Disabled ته۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: ان معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں، جن میں: ستارہ ایاز بی بی 07-09-2012، اسرار اللہ خان 07-09-2012، مفتی کفایت اللہ صاحب 07-09-2012، ثناء اللہ خان میاں خیل صاحب 07-09-2012، سمیع اللہ خان علیزئی 07-09-2012، ڈاکٹر حیدر علی صاحب 07-09-2012، سجاد اللہ خان صاحب 07-09-2012، پرویز احمد خان صاحب 07-09-2012، وجیہہ الزمان خان 07-09-2012 تا اختتام اجلاس، سکندر عرفان صاحب 07-09-2012، یاسمین پیر محمد خان صاحبہ 07-09-2012۔ Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The leave is granted.

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Mr. Speaker: Muhammad Javed Abbasi Sahib, to please move his call attention notice No. 740. Not preasant. Nargis Bibi-----

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، میں موجود ہوں۔ میں جناب سپیکر، موجود ہوں۔ جی بہت مہربانی آپ کی۔

جناب سپیکر: اچھا تو آپ کہاں گپیں مارنے کیلئے ادھر ادھر پھر رہے ہیں؟

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں سر، جناب توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 740 جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی، جی بسم اللہ۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ ضلع ایبٹ آباد جو کہ پہاڑی و دشوار علاقہ ہے۔

ایک رکن: آہستہ پڑھیں جی۔

